سوال

مریض کےلئے غسل جنابت کیسے

جواب

مریض کےلئے غسل جنابت السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ میں مریض ہوں مکمل غسل نہیں کرسکتا صرف سر دھوسکتا ہوں اورناف کےنیچے دھوسکتا ہوں اب میں غسل جنابت کیسے کروں۔ تیمم کروں یا حسب استطاعت غسل کی نیت سے ان جگھوں کو دھولوں۔ ؟ قرآن وسنت کی روشنی میں جلد از جلد جواب دیجئے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اگر پانی کے استعمال سے بیماری کے بڑھنے یا جان جانے کا اندیشہ ہو تو آپ حسب استطاعت جتنا جسم دھوسکتے ہیں، غسل کی نیت سے دھولیں، بے شک اللہ تعالی تمام احوال کو دیکھنے والا ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی